مثنوی

سوز و گداز عشق

از

نظیر دکھنی

مرتبہ

ڈاکٹر محمد صبغت اللہ

شعبہ اردو

گورنمنٹ آرٹس کالج

بنگلور - ۱

فہرست مضامین

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
۱	نسخۂ دکھنی	۱
۲	تعداد اشعار	۱
۳	عنوان مثنوی	۱
۴	تاریخ تصنیف	۲
۵	مثنوی کا تعارف	۳
۶	داستان مثنوی سوز وگداز عشق	۵
۷	داستان مثنوی پر تبصرہ	۱۱
۸	ستّی	۱۳
۹	ادبی جائزہ	۱۷
۱۰	کردار نگاری	۱۷
۱۱	واقعہ نگاری	۲۰
۱۲	مکالمہ نگاری	۲۲
۱۳	اختصار پسندی	۲۶
۱۴	تہذیبی پس منظر	۲۷
۱۵	نے کا استعمال	۲۹
۱۶	صنائع و بدائع	۳۰
۱۷	اصول املا	۳۱
۱۸	اصول قوائد	۳۲

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
	متن مثنوی	
۱	تمہید (مدح عشق)	۱
۲	آغاز داستان سوز وگداز عشق	۶
	داستان اظہار کرنا بیسر احوال اپنا پیش پدر کے واسطے خواستگاری دختر کے آگاہ ہونا پدر احوال بیسر سے اور خواستگاری کرنا دختر کا مادر سے اس کے	۱۴
۳	تیاری ہونے میں سواری کی شاہ کی واسطے کدخدائی کے	۲۲
۴	داستان سر سوار دلوار پر پڑنے میں اور اس جوان ناشاد کی مرنے میں	۲۴
۵	داستان آگاہ ہونا اس حال سے دختر کا اور ارادہ ستی پڑنے پر ہونا اس بد اختر کا اس بیان میں کیا ہے	۲۷
۶	داستان بادشاہ کو خبر ہونے میں اور ستی ہونے میں اس ماہ کے	۳۱
۷	داستان اجازت دینے میں شاہزادی کی آتش افروزی کی اور جلنے میں اس ماہ کی	۳۶
۸	ترقیمہ	۴۲

نظیر دکھنی کا ایک قادر الکلام مثنوی گو شاعر ہے۔ شاعر کے اس تخلص سے یہ گمان ہوتا ہے کہ کہیں یہ نظیر اکبرآبادی تو نہیں؟ نہیں کیونکہ نظیر اکبرآبادی کی پیدائش ۱۷۳۵ء مطابق ۱۱۴۹ھ اور وفات ۱۸۳۰ء مطابق ۱۲۴۶ھ میں ہوئی۔ یہ مثنوی ۱۲۸۰ھ مطابق ۱۸۶۳ء میں تصنیف ہوئی یعنی نظیر اکبرآبادی کی وفات کے چالیس سال بعد یہ مثنوی تخلیق ہوئی ہے جس سے یہ نتیجہ اخذ ہوا کہ مثنوی ہذا کا مصنف نظیر اکبرآبادی نہیں یہ کوئی اور شاعر ہے جس کے تفصیلی حالات پردۂ خفا میں ہیں۔ شاعر نے مثنوی میں صرف اپنا تخلص استعمال کیا ہے۔ مثنوی میں اس نے اپنے بارے میں کوئی ذکر نہیں کیا اور نہ ہی اس کی طرف ہلکا سا اشارہ بھی کیا ہے نہ ہی اپنے کسی ہم عصر کا ذکر جو اس کے حالات زندگی اور جگہ متعین کرنے میں کافی مفید ثابت ہوتے

تعداد اشعار و عنوان مثنوی :-

۵۰۷ اشعار کی یہ مثنوی کل ۷۱ صفحات پر پھیلی ہوئی ہے۔ شاعر نے مثنوی کے ابتداء میں کوئی عنوان قائم نہیں کیا ہے۔ البتہ ابتدائی ۱۷ اشعار جو صرف عشق کے بارے میں ہیں ان کے خاتمہ کے بعد ایک ذیلی عنوان "آغاز داستان سوز و گداز عشق کی" قائم کرتا ہے ساری داستان عشق ۴۳۶ اشعار میں بیان کرتا ہے۔ ذیلی عنوانات اردو نثر میں لکھے گئے ہیں۔ لہذا اس مثنوی کا عنوان "سوز و گداز عشق" ہی تجویز کیا جا سکتا ہے۔ وہ اس لئے بھی ہے کہ شاعر نے اس عنوان کے تحت عشق کے سوز و گداز کو نمایاں کرنے کی کامیاب کوشش کی ہے۔

مثنوی کے اس عنوان کی اہمیت اس لئے بھی ہے کہ تیرھویں صدی ہجری مطابق ۱۹ ویں صدی عیسوی میں اکثر مثنویاں عشق کے عنوان پر

تصنیف ہوئی ہیں۔ جیسے محمد باقر آگاہ (۱۱۵۰ھ) ویلوری کی مثنویاں مثنوی گلدستۂ بہار عشق ۱۲۱۳ھ، نورِ عشق ۱۲۱۴ھ، محبوب القلوب ۱۲۱۵ھ، گلزارِ عشق ۱۲۱۶ھ، حسرت عشق ۱۲۱۶ھ، گلزار عشق ۱۲۱۱ھ، جرأت کی مثنوی حسن و عشق ۱۲۲۵ھ، غلام علی راسخ عظیم آبادی کے مثنوی مکتوب شوق نامۂ عشق، جذب عشق، کشش عشق، اعجاز عشق، حسن و عشق، گنجینۂ عشق، تصدیق حسین خاں نواب مرزا شوق اودھ کی مثنوی زہرِ عشق ۱۲۷۹ھ مطابق ۱۸۶۲ء، بہارِ عشق ۱۲۶۲ھ مطابق ۱۸۴۹ء، فریبِ عشق ۱۸۴۹ء۔ میر محمد تقی میر کی شعلۂ عشق، دریائے عشق، مثنوی عشقیہ، مثنوی معاملات عشق، جوشِ عشق، اعجازِ عشق، جذبۂ عشق ۱۱۹۸ھ مطابق ۱۷۸۳ء، میر محمد رشید علی، مثنوی تکرارِ عشق ۱۳۰۰ھ نصرتی بیجاپوری کی مثنوی گلشن عشق، وجیہہ الدین وجدی کی مثنوی مخزنِ عشق ۱۱۴۴ھ ۔ ممکن ہے نظیر کے پیشِ نظر یہ سارے عنوانات رہے ہوں اور اس نے اپنی مثنوی کا عنوان "سوز و گداز عشق" تجویز کیا ہو۔

جہاں تک اس مثنوی کا تعلق ہے پہلی بار تعارف ہو رہا ہے۔ ڈاکٹر فہمیدہ بیگم صاحبہ نے مثنویات کی جو کیٹلاگ مرتب کی ہے اس میں مثنوی گو شعراء اور ان کے مثنویات کا جو اندرون ملک و بیرون ملک میں پائی گئی ہیں ان سب کا احاطہ کیا گیا ہے لیکن نظیر کا تذکرہ اس کیٹلاگ میں بھی نہیں ہے۔

<u>مثنوی سوز و گداز عشق کی تاریخ تصنیف:-</u>

پیشِ نظر مثنوی کے اس نسخے سے اس کے سنہ تصنیف پر کوئی روشنی نہیں پڑتی شاعر نے مثنوی میں اس کا تذکرہ نہیں کیا ہے ترقیمہ میں اس طرح درج ہے

"مرقوم بیست و نہم ماہ جمادی الاول روز پنجشنبہ در سن ہجری نبوی صلعم سنہ ۱۲۸۰ھ

صد تو شتم صرف کردم روزگار
صد غلط خطا بتو یادگار"

۲۹ جمادی الاول بروز پنجشنبہ ۱۲۸۰ھ میں یہ مثنوی لکھی گئی نظیر کی اس مثنو

کہا گئی اور نثری یادگار تصانیف کا پتہ نہیں چل سکا ہے تقابلی مطالعہ کیا جا سکتا زبان و بیان اور کمال فن کے اعتبار سے مثنوی سوز و گداز عشق شاعر کے دورِ پختگی کی پیداوار معلوم ہوتی ہے۔ اسی نقطۂ نگاہ سے مثنوی سوز و گداز عشق' زبان' اسلوب بیان اور تخیل کی مشترکہ خصوصیات کے باوجود شاعرانہ کمال اور فن کی پختگی کے اعتبار سے اہم مثنوی مانی جا سکتی ہے۔

اس مثنوی میں نظیر نے شاعرانہ تعلّی یا خودستائی کا راگ نہیں الاپا ہے اور نہ ہی مثنوی کے قصہ کے ماخذ کے بارے میں روشنی ڈالتا ہے جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ یہ اس کی اپنی تخلیق ہے اور وہ ایک قادر الکلام شاعر بھی ہے

قدیم مثنویوں میں حمد' نعت' منقبت' مدح پیر یا سلطان یا امیر وغیرہ کے بعد داستان شروع کی جاتی ہے لیکن اس مثنوی میں مدح عشق کے فوراً بعد نظیر نے داستان گوئی شروع کر دی ہے۔ ۱۸۶۰ء یعنی مغلیہ سلطنت کے زوال کے بعد بہت سے شعراء مختلف درباروں سے وابستہ رہے لیکن نظیر نے کسی دربار سے وابستگی نہیں رکھی۔ جس کا ثبوت یہ ہے کہ اس مثنوی میں شاعر نے کسی بادشاہ یا امیر وغیرہ کی مدح نہیں لکھی

راقم کو یہ مثنوی اپنے دوست محمد یوسف صاحب مدرس مکور کی وساطت سے ملی۔ مثنوی کا یہ نسخہ مجلد ہے لائبریری سائز کتابت اور کاغذ ہر دو اعتبار سے یہ نسخہ قدیم ہے ہر صفحہ پر ۱۳ سطریں ہیں۔ خط نستعلیق۔ کتابت کی غلطیاں بھی بہت کم ہیں۔ کاغذ انگریزی' ہر صفحہ کے آخری سرے پر لنگر کے نشان کا چھاپ رنگ سفید ہے۔ اس جلد میں مثنوی کے علاوہ ایک فارسی رسالہ در تصوف حقیقت الحقائق ۱۱۸۳ھ صرف چار صفحات پر مشتمل ہے۔ پھر پیلے کاغذ پر اردو نثر کا ایک ۱۶ صفحات پر مشتمل ایک مذہبی رسالہ ہے اور ایک ناقص الآخر ۱۲ صفحات کا ایک اور رسالہ جس میں مقولہ فرقہ وہابیہ کا جواب دیا گیا ہے اور یہ جلد یہاں پر ختم ہو جاتی ہے نثر اور نظم کا کاتب الگ ہے لیکن دو کاتبوں نے اس رسالے کو جداگانہ طور پر تحریر کیا ہے۔

آغاز مثنوی

یا الٰہی یہ عشق کیا ہے شے ۔ ہے ہر ایک شے میں کل شے سے ہے

یعنی موجود ہے ہر ایک شے میں ۔ ہر کسی کے ہے یہ رگ و پے میں

شان جب کا نزول شان سے ہے ۔ یعنی واللہ ہر جان جان سے ہے

اختتام

زور ہے میاں یہ آب و تاب تیرا ۔ مار قدم ہیں شیخ و شاب تیرا

بس کہاں تک نظیر دل جوشی ۔ بہتر بیان بہتری ہے خاموشی

مثنوی کے تمہیدی اشعار :-

شاعر نے مثنوی کے تمہیدی اشعار میں مثنوی کے مرکزی خیال یعنی عشق کے سوز و گداز کی بیان کیا ہے۔ شعر

سوز دل سے کہیں اٹھے نالے ۔ کہیں نکلے جگر کے پرکالے

کہیں سوز و گداز ڈالے ہے ۔ کہیں عشوہ و ناز پالے ہے

کہیں کچھ ربط و آشنائی کی ۔ کہیں کچھ ضبط ہے جدائی ہے

دل کسی کا مروڑ دیتا ہے ۔ چند گہ وہ ہیں چھوڑ دیتا ہے

کہیں شوخوں کی جولانی ۔ ہے کہیں بار جبین پیشانی

کہیں مدہوش ہوگیا پروانہ ۔ شمع پر جا گرے ہے مستانہ

من لگن شمع کا ہے لگن ۔ پر پروانہ کا ہے جیب کفن

کہیں شیریں کو کر دیا دلدار ۔ کہیں بیداد تیشۂ فرہاد

قیس سے گا کہیں آوارہ ۔ جان لیلیٰ پہ ہے کہیں آرا

یوسف حسن کو دیکھا اب بام ۔ ہے زلیخا کو کر دیا بدنام

کہیں منہ پر کو سر کے جھگڑے ۔ کیا عمر مالنی کے پیچھے در پئے

وصل سے ہجر ہجر سے ہے وصل ۔ فرع دو ہیں اگرچہ ہے ایک اصل

کام میں اپنے کام پکا ہے ۔ تو کہا یا ہو ہوا پکا ہے

کھلے سے عشق تیرا ایمان و نوال ۔ مرحبا مرحبا تعالیٰ تعالیٰ

مدح کے بعد داستان کا آغاز ہوتا ہے۔

داستان سوز و گداز عشق :

حکایت ہے کہ کسی زمانے میں دو نوجوان ہندو دھرم کے ماننے والے برہمن تھے۔ ان دونوں میں بچپن ہی سے عشق تھا۔ وقت کے ساتھ ساتھ یہ عشق بھی پائیدار ہوتا گیا۔ جب بھی وہ آپس میں ملتے ایک دوسرے کو دیکھ کر رو دیتے۔ دونوں کو پل بھر کی دوری گوارا نہیں تھی نیلے چرخ نے ان پر ستم ڈھایا اور ان کو جدا کر دیا۔ کافی دن بعد جب ان کی پھر سے ملاقات ہوئی تو دونوں نے اپنی کسمپرسی کی حالت کا گہرائی کے ساتھ جائزہ لیا کہ اس طرح ہم کب تک حسرت و یاس کے سمندر میں غوطے لگاتے رہیں گے۔ ہم نہ آزادی سے مل سکتے ہیں اور نہ ہی ہمیں چین ملتا ہے۔ یہ ہماری جوانی کا زمانہ ہے عیش و عشرت و بوس و کنار کا موسم ہے۔ لیکن افسوس کہ یہ زریں گھڑیاں رنج و غم اور بے قراری میں گزر رہی ہیں اگر ہمارا رازِ عشق فاش ہوا تو رسوائی کا خوف ہے اور اگر رسوائی ہوئی تو بہت ہی بری جگ ہنسائی ہو جائے گی ہم ایک دوسرے کے اتنے قریب ہونے کے باوجود ہجر سے دوچار ہیں۔ ہر زاویے سے اپنی حالت کا جائزہ لینے کے بعد پھر وہ اپنی اپنی جگہ لوٹ گئے۔

چند دنوں بعد برہمن زادہ کو اپنی محبوبہ کی یاد ستانے لگی۔ اور ہجر کی آگ اسے دن بدن کھوکھلا کرتی رہی اور وہ یہ سوچتا رہا کہ اس سے چھٹکارا کیسے حاصل کیا جا سکے مجبوری یہ تھی کہ وہ اپنا رازِ عشق کسی پر ظاہر نہیں کر سکتا تھا اگر وہ برداشت کرنے کی کوشش بھی کرتا تو یہ اس کے لئے جان لیوا ثابت ہوتی۔ اس طرح سوچ سوچ کر وہ پاگل سا ہو گیا نہ کھانے کی سدھ تھی اور نہ ہی راتوں کو چین کی نیند ہی نصیب ہوتی ان حالات کے مدنظر اس کی صحت دن بدن گرتی رہی اور وہ نہایت کمزور ہو گیا

باپ نے بیٹے کی اس کیفیت پر غور کیا تو وہ کافی پریشان ہو گیا۔ بیٹے کو نہایت پیار سے اپنے پاس بٹھایا اور اس کی کیفیت دریافت کی۔ برہمن زادہ نے ایک آہ سرد کھینچی اور اپنے دل کے راز کا اظہار کیا۔ اس نے تفصیل بیان کرتے ہوئے بتایا کہ میں اس ماہ پارے کا عاشق ہوں لیکن افسوس کہ میں اسے حاصل نہ کر سکا اور نہ ہی زندگی کا سرور ہی حاصل کر سکا۔ اپنی حالت برداشت کرتے ہوئے میری یہ حالت آپکے سامنے ہے اور اس میں شک نہیں کہ چند دنوں یہی حالت رہی تو میں پاگل ہو جاؤں گا میرے لئے ننگ و ناموس کا کوئی خیال نہیں رہے گا اور اگر

اور دیر ہوئی تو اس میں کوئی شک نہیں کہ میری روح تن سے جدا ہو جائے گی۔ آپ نے اس پر توجہ نہ دی۔ ایک باپ ہونے کے ناطے میری بگڑی تقدیر کو سنوارنے کی کوشش نہ کی تو میں اپنے مذہب سے منہ موڑ لوں گا۔ بتوں اور ناقوس کو توڑ دوں گا۔ زنار کو تار تار کر کے برہمن مذہب تیاگ کر کے کفر کو چھوڑ کر توبہ استغفار کر کے مسلمان بن جاؤں گا

باپ نے بیٹے کی یہ کیفیت دیکھی تو وہ بہت اداس ہو گیا۔ ایک باپ ہونے کے ناطے اس کے پیش نظر اس کی زندگی کا سوال تھا۔ اگر وہ اس کا انکار کرتا تو اس کی ساری عمر کی کمائی لٹ جاتی۔ یہ سوچ کر اس نے یہ فیصلہ کر لیا کہ بیٹے کی پسند کا خاص خیال کرنا ہی چاہیئے۔ چنانچہ اس نے اپنی قوم کے بزرگوں سے رائے مشورہ لینے کے بعد زائچہ تیار کروایا اور بیٹے کی شادی کی سربراہی کی درخواست کی۔ قاصد کے ذریعہ عروس کے گھر یہ پیغام بھجوا دیا کہ وہ اپنے بیٹے کو اپنی فرزندی میں قبول کر لیں اور نیک ساعت کا انتخاب کر کے شادی کی تیاری شروع کریں۔

طرف ثانی نے جب یہ مژدۂ جانفزا سنا تو ان کی خوشی کی انتہا نہ رہی۔ قاصد کی انہوں نے عزت افزائی کی اور شادی کی تیاری میں مصروف ہو گئے۔ جب دلہن نے یہ پیغام سنا تو وہ انتہائی خوش ہوئی۔ زندگی کی لہر نے ایک نئی انگڑائی لی اور وہ بھی شادی کی مصروفیات میں شامل ہو گئی۔ ہفتہ بھر کی تیاری کے بعد ایک نیک ساعت میں

میں مگن مسرور ہوا لیکن انہیں کیا خبر تھی کہ آسمان کہیں ان دونوں خوش بختوں پر کیا ستم ڈھانے والا ہے۔

جب طرفین میں شادی کی مکمل تیاریاں ہو چکیں تو ہر رسم و روایت بڑی دھوم سے ادا کی گئی۔ نوجوان کا حمام ہوا شادی کا قیمتی لباس پہنا کر سر پر سہرا باندھا گیا تو ایسا معلوم ہوتا تھا کہ آفتاب بادلوں میں چھپ گیا ہے۔ دولہا کو مسند پر بٹھایا گیا پھر اس کی عماری تیار کی جانے لگی جو برات میں لے جانے والی تھی۔ گھر کے درو دیوار روشن کئے گئے۔ پری چہرہ جمال حسین رقاصاؤں کے ناچ کے ساتھ دولہا کی سواری روانہ ہوئی تو خوشی کے ساز و نوبت بج اٹھے۔ ان سازوں کی آواز کو سن کر لوگ برات کا منظر دیکھنے کے لئے ہر طرف سے جمع ہونے لگے۔ دنیا شادی کے خوشی میں مگن تھی دیکھ دولہا کا من اداس تھا اور عشق اس کی اپنی منزل کی طرف کھینچ کر لے جارہا تھا۔

جب بارات دھوم دھام سے آدھا راستہ طے کر کے ایک تنگ و تاریک گلی سے گذر رہی تھی جس کے دونوں طرف قدیم بلند و بالا محلات تھے۔ ان محلات میں سے ایک محل جو کافی قدیم ہونے کے باعث نہایت کمزور ہو گیا تھا۔ نوبت اور سازوں کی بلند آوازوں سے اس کی بنیاد فرقت کی طرح لرز اٹھی اور آن کی آن میں یہ قدیم عمارت دولہا کی سواری پر بیٹھ گئی۔ دولہا مع سواری کے خشت و گل کے ڈھیر میں گم ہو گیا۔ جیسے ہی یہ خبر پھیلی تو شادی ماتم میں بدل گئی۔ دولہا کے اعزاء و اقرباء، دوست احباب سب اپنا گریباں چاک کرنے لگے۔ باپ نے جب یہ خبر سنی تو وہ زندہ درگور ہو گیا۔ وہ سینہ کوبی کرتے ہوئے کمر پکڑ کر بیٹھ گیا۔ اس کی ساری کمائی لٹ چکی تھی اور بیٹے کے ساتھ ساتھ اس کی زندگی بھی خاک میں مل چکی تھی جو اس سال بیٹا نظروں کے سامنے چل بسا تھا اب اس میں اتنی طاقت نہیں تھی کہ وہ زندہ رہ سکے۔ شادی کے موقع پر ماتم کا شور و غل ایسا معلوم ہو رہا تھا کہ محشر برپا ہو چکا ہے۔ لوگوں نے دولہا کو مٹی کے ڈھیر سے باہر نکالا تو پھر ایک مرتبہ زور و شور کی آہ و زاری ہوئی۔ دولہا عماری میں سوار ہو کر بیاہنے آیا تھا لیکن اب اسی عماری میں اس کی لاش رکھی جارہی تھی۔ آخری رسومات ادا

کرنے کی تیاریاں ہونے لگیں دولہن کو آتش کدہ کی طرف لیجایا جا رہا تھا۔ جو گود دولہا کے ساتھ خوشیاں مناتے آ رہے تھے اب وہی لوگ آہ و بکا کرتے ہوئے ارتھی کے ساتھ جا رہے تھے۔

دلہن نے جب یہ اندوہ ناک خبر سنی تو وہ غم سے پاگل ہو گئی۔ اس نے اپنا عروسی پیرہن چاک کیا۔ حجلۂ عروسی کو آگ لگا دی۔ بستر پر خاک ڈالتے ہوئے آہ و بکا کرتی رہی۔ اس کا شگفتہ چہرہ مرجھا گیا۔ اس نے سارے زیور اتار پھینکے اور بدن کے کپڑے تار تار کرنے لگی در حقیقت وہ تو لیلیٰ تھی لیکن مجنون بن گئی۔ اس نے اپنی ننگ و ناموس کو بالائے طاق رکھ کر اپنے جان جاناں کا وصل حاصل کرنے کے لئے سوئے آتش کدہ روانہ ہوئی۔ دلہن کو اس جنونی حرکت سے باز رکھنے کے لئے حکیم فلاسفر دانا اور برہمن نے لاکھ کوشش کی ان کی باتوں کو سن کر اس نے اپنا سر پیٹ لیا اور کہا کہ اگر آج مجھے دیوی دیوتا یا بھگوان بھی خود آ کر منع کریں تو بھی میں اپنے ارادے سے باز آنے والی نہیں ہوں۔ میری جان کسی کے اختیار میں نہیں ہے اگر میں نے تمہاری بات مان لی تو مرتے دم تک سرافگندہ و شرمسار رہوں گی۔ میرا دلبر جل جائے اور میں زندہ رہوں یہ ناممکن ہے۔ اگر میں نے اپنی جان اسی وقت اپنے دلبر پر نثار کر دوں تو مجھے یقین ہے کہ مجھے ہر طرح سے مارا جائے گا تشنہ لبی سے جان سپرد ہو جائے گی اور میں ہمیشہ دلگیر رہوں گی۔ مجھے جلنے سے باز رکھا گیا تو میں زہر کھا لوں گی یا شمشیر سے اپنے آپ کو ختم کر لوں گی۔ میرے محبوب کے بعد میرا جینا بھی کیا ہے یا تو میرا سر اور پتھر ہوگا یا یہ سینۂ غم کے مارے پتھر بن جائے گا۔ جب لوگوں نے دیکھا کہ اس کو سمجھانا تو بے کار ہے تو انہوں نے خاموشی اختیار کر لی۔ جس کسی نے بھی یہ ماجرا سنا اس حسین و جمیل پیکر عصمت کی پروردہ عیش و عشرت کی نارسیدہ کی جان سوزی پر ترس کھاتا تھا ہر ایک اس کی خوبصورتی کے ساتھ ساتھ اس کی جوانی پر بھی افسوس کرتا رہا۔

جب بادشاہ نے یہ ماجرا سنا تو وہ بھی بہت غمزدہ ہوا اور کہا کہ یہ تو سوز نہاں ہے اور یہ ساری کارروائی عشق کی ہی ہے جب بھی وہ کسی کو اپنے دام میں گرفتار

کرلیتا ہے تو اس کا یہی حسرتناک انجام سامنے آتا ہے۔ بادشاہ نے اس تشنہ لب حسینہ کو اپنے دربار میں طلب کیا۔ تو وہ کافر شعلۂ سرکش آتشیں پیکر شعلہ کی ہی طرح خراماں خراماں ایک آتشیں تودہ ہاتھ میں لئے بادشاہ کے دربار میں حاضر ہوئی۔ بادشاہ نے اس کو اپنے تخت کے قریب جگہ دی۔ اس کو اپنی دختر کی طرح سمجھ کر اس پر بہت ساری مہربانیاں کیں اور تحفۂ بادشاہی کے سوا اس کو بہت ساری چیزیں عطا کیں اور اسے ایک شفیق باپ کی طرح سمجھایا کہ وہ اپنے ارادے سے باز آجائے لیکن اس محبت مردانہ عروس نے ان ساری چیزوں کو ٹھکرا دیا اور اس کے لبوں سے گہر آتشیں نکلتا ہی رہا۔ اس حالت کو دیکھ کر بادشاہ نے بادل ناخواستہ ستی ہونے کی اجازت دے دی۔ تو عروس کو یوں محسوس ہوا کہ اسے دنیا و مافیہا کی بہت بڑی دولت مل گئی ہو۔

بادشاہ نے شاہزادہ کو طلب کیا اور کہا کہ میں نے اسے سمجھانے کی بہت کوشش کی کہ وہ آگ میں جلنے سے باز آجائے لیکن وہ تو اپنے ارادہ سے باز آنے والی نہیں۔ اب میں تمہیں یہ ذمہ داری سونپ رہا ہوں کہ اس کی دلنوازی میں کچھ کمی نہ ہونے پائے۔ اگر وہ جلنے سے باز آجائے تو بہتر ہے ورنہ جلنے کے لئے مصر ہی ہے تو اس کو دلہنوں کی طرح پورے انداز کے ساتھ صندل عود اور عنبر میں جلا دینا

بادشاہ کا حکم پاتے ہی شاہزادہ عروس کے ساتھ ہو لیا قدم قدم پر وہ اس کی دل پذیرائی کے لئے افسانے سناتا رہا اور اس طرح دل لبھانے کی کوشش کرتا رہا لیکن وہ تو مدہوش تھی کہ اسے کب محبوب کا وصل حاصل ہو۔ شاہزادے کی بھرپور کوشش کے باوجود اس کی آتش شوق سرد نہ ہوئی اسے تو اس وقت ہوش آیا جب کہ دن ڈھل رہا تھا اس نے شہزادہ سے کہا کہ تم نے میرے عیش کا دن یوں ہی تمام کر دیا۔ میرا یار کب تک میرا منتظر رہے گا وقت یوں ہی اگر گذرتا رہا تو انتظار کی آگ بھی سرد ہو جائے گی۔ تمہارے مشورہ پر اگر میں آج آگ میں جلنے سے باز آ بھی گئی تو مستقبل میں ایک نہ ایک دن مجھے جلنا ہی ہوگا
الغرض اسی طرح باتیں کرتے ہوئے وہ آتش گاہ تک پہنچے۔

جب شہزادہ عروس کو ستی ہونے سے باز رکھنے میں ناکام ہو گیا تو اس نے لاچار ہو کر چتا تیار کرنے کا حکم دیا چتا پر دولہا کی لاش رکھی گئی ہر طرف عود و عنبر و صندل کے دھوئیں کی مہک پھیلنے لگی اس مہک سے عروس کا ہی نہیں بلکہ ارتھی کے ساتھ آنے والوں کا دماغ بھی معطر ہو گیا۔ عروس پر وجد کا عالم طاری ہوا اور اس نے شاہزادے کو ڈھیر ساری دعائیں دیں اور اس کا شکریہ ادا کرتے ہوئے وداع لیا۔ پان کھایا۔ آنکھوں میں سرمہ لگایا بڑے شوق سے دولہا کی چتا میں داخل ہو گئی اور اپنے محبوب کا سر اپنے زانوؤں پر رکھا۔ اس کے لب سے لب ملائے پھر وصل جاناں میں اپنے آپ کو بھلا دیا۔ شہزادہ کھڑا یہ منظر دیکھ رہا تھا وہ چتا کے قریب گیا اور آخری مرتبہ اس سے درخواست کی کہ اب تو تیری دلی مراد بر آئی اب تو چتا کے باہر آجا۔

عروس نے جواب دیا کہ اے شہزادے مجھے اب رنجیدہ نہ کر میں نے کافی دن فراق سہا ہے آج مجھے اپنے یار کا وصال ملا ہے اب میرا بھی دم واپسیں ہے اور مجھ کو بھی ساتھ ہے اس خزانہ کو حاصل کرنے کے لئے مجھے کافی لمبا انتظار کرنا پڑا اب مجھ سے یار کا دامن نہیں چھوڑا جاتا اور نہ ہی میں اپنے ارادہ سے باز آنے والی ہوں اگر میں نے تیری بات مان لی تو میں عشق کو منہ دکھانے کے قابل نہ رہوں گی۔ یہ گفتگو تو جاری تھی اور اس کا سارا وجود آتش میں مل رہا تھا دونوں ایک دوسرے کے بیچ میں تھے رفتہ رفتہ ان دونوں کا وجود آگ میں مل کر کوئلے کی طرح سرخ ہونے لگا۔ لب پیمانوں کی طرح خاموش تھے۔ دونوں نے نہ آگ سے منہ موڑا نہ ایک دوسرے کے بیچ سے جدا ہوئے اور نہ ہی کروٹ بدلی۔ جب دونوں آگ میں اچھی طرح جل چکے تو انہیں وصال حاصل ہوا۔ اس نے سب کی باتیں سنیں مگر وہی کیا جو اس کی مرضی میں آیا اس نے عشق کی لاج رکھ لی اور اپنی جان قربان کر دی اے نظیر اب تو کہاں تک دل باتیں کرتا رہے گا بہتر ہے خاموشی اختیار کر لے۔

مثنوی سوز و گداز عشق کا قصہ کافی مختصر اور سیدھا سادہ ہے واقعات میں کوئی پیچیدگی نہیں ہے اور نہ ہی کوئی ذیلی حکایات لائے گئے ہیں۔ عشق و محبت

و کنایات کے پردے ہیں اور نہ ہی غیر ضروری تمہیدوں کی کوئی جگہ دی گئی ہے صرف روزمرہ کی پابندی کی گئی ہے اور رائج الفاظ و محاورات کا استعمال کیا گیا ہے

رسوائی میں کیا بھلائی ہے　　جگ ہنسائی ہے جگ ہنسائی ہے
قصہ کوتاہ بعد چند در چند　　سوزِ دل سے جو ان کو پہنچا گزند
آس کی پر میں تنگ دل میں نراس
چند گہ رہنے لگے یوں ہیں اُداس
دل سے کہنے لگا کہ کیا کیجے　　کیوں بلا پر بلا سہا کیجے
کیجیے فکر کیا کدھر جانا　　چارہ اس بن نہیں کہ مر جانا
کھلنا عقدہ کا آہ مشکل ہے　　سخت مشکل نباہ مشکل ہے
نہ تو کھانے کی سدھ نہ پانی کی　　فکر تھی اس کو یار جانی کی
چین دن کو نہ رات کو آرام　　خواب و خور مطلقاً کیا حرام
اتنا سنتے ہی اس نے رو ڈالا　　منہ کو بس آنسوؤں سے دھو ڈالا
لیجیے مذہب سے ہاتھ دھوؤں گا　　لوت سے لوت کو گرا دوں گا
پھر شگفتہ اٹھے ٹھکانے سے　　باہر آئے کسی بہانے سے
سن کے سنتے ہی تر دماغ ہوئے　　خندہ زن سن کے باغ باغ ہوئے۔

ایسی ایک دو مثالیں نہیں بلکہ ساری مثنوی ایسے ہی الفاظ و محاورات سے بھری ہوئی ہے جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ نظیر کو الفاظ و محاورات کے استعمال پر پوری قدرت حاصل تھی۔ عوامی بولی ٹھولی کے ساتھ ساتھ زبان سے بھی بخوبی واقفیت تھی۔

قصہ کی نوعیت سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ ستی کا رواج جاری تھا۔ ستی ہونے والی عورت کی بڑی عزت کی جاتی۔ یہ رواج ہندوستان میں کافی قدیم ہے۔ سکندر نے جب ہندوستان پر حملہ کیا تھا تو اس کے سپاہیوں نے ستی کی رسم دیکھی تھی پھر جب آریا ہندوستان آئے تو اس رواج کو اپنایا۔ ستی کی رسم خاص طور پر راجپوتوں کے یہاں ملتی ہے۔ خاوند کے لاش کے ساتھ ہی اس کی بیوہ کو ستی کر دیا جاتا۔ اگر بیوی حاملہ ہوتی تو بچہ کی پیدائش کے بعد اس کو خاوند کی کسی نشانی کے ساتھ جلا دیا جاتا۔

ستی کا رواج دو طرفہ نہیں تھا بلکہ یکطرفہ تھا اگر خاوند کی زندگی میں بیوی کا انتقال ہو جاتا تھا تو بیوی کے ساتھ خاوند کو نہیں جلایا جاتا تھا۔ اگر خاوند کی ایک سے زیادہ بیویاں ہوتیں تو سب سے بڑی بیوی کو یا چہیتی بیوی کو یہ اعزاز حاصل ہوتا کہ خاوند کے ساتھ جلے اور دوسری بیویاں الگ الگ چتائیں بنا کر جل جاتیں

ستی اور بال ووواہ (بچپن کی شادیاں) یہ دونوں رسوم ایک ساتھ جاری تھیں۔ چھوٹی عمر میں شادی اس لئے کی جاتی تھی کہ لڑکی کے بالغ ہو جانے کے بعد ہر ماہ اس کی ماہواری کو وہ ایک گناہ تصور کرتے کیونکہ اس میں انڈے کے ضائع ہونے کا خدشہ ہوتا۔ اسی لئے نابالغ لڑکی کی شادی رچا دی جاتی۔ ایک وجہ یہ بھی بتائی جاتی ہے کہ لڑکی کسی سے بیاہ دی جائے تو پھر اس کی طرف کسی کی توجہ نہ ہوتی جس سے سماج میں زناکاری جیسا جرم کم ہو جاتا تھا۔ ایک وجہ یہ بھی بتائی جاتی ہے کہ حملہ آوروں کے ہاتھ کنواری لڑکیاں ہاتھ نہ آئیں۔ ستی کے اسباب میں ایک سبب یہ بھی بتایا جاتا ہے بیوہ کے تنہا ہونے کی وجہ سے سماج میں برائیاں زیادہ پھیل سکتی ہیں اور وہ دوسرے مردوں سے تعلق قائم کر سکتی ہے خاص طور پر جوان عورتوں کا بیوہ ہونا زناکاری کے لئے راستہ ہموار کر سکتا ہے کیونکہ ہندو سماج میں دوسری شادی نہیں ہے اور اگر عورت نے دوسری شادی رچا لی تو اس کو بڑی حقارت کی نگاہوں سے دیکھا جاتا۔ اسی لئے بیوہ کو ستی کر دیا جاتا۔

ابن بطوطہ نے ستی کی رسم اپنی آنکھوں سے دیکھی تھی اور اپنے سفرنامے میں اس نے ستی کی رسم کی پوری تفصیل دی ہے جس کا خلاصہ یہاں درج کیا جاتا ہے۔ اگر خاوند بیاس ہو اور مر جائے تو ارتھی کے ساتھ اس کو بھی جلوس میں لے جایا جاتا اور اس کو جلا دیا جاتا۔ اگر خاوند کہیں دور دراز مقام پر انتقال کر جاتا جیسا کہ عام طور پر جنگوں میں ہوتا ہے اور یہ خبر بیوہ کو پہنچتی تو وہ غسل کرتی اور اپنے سب سے اچھے اور قیمتی کپڑوں کا انتخاب کر کے زیب تن کرتی اپنے زیورات پہنتی یا یوں کہا جا سکتا ہے کہ وہ دلہن بن جاتی۔ برہمن یہاں کافی اہم رول ادا کرتا ستی ہونے والی عورت

کی مدح میں رطب اللسان ہوتا اور اس کو یقین دلاتا کہ دوسری دنیا میں اس کو ہر طرح کا عیش و آرام نصیب ہوگا اور جو کچھ اس دنیا میں اسے حاصل ہے اس سے کہیں زیادہ دوسری دنیا میں نصیب ہوگا اگر وہ جلنے سے انکار کرے گی تو اس کی روح بھٹکتی رہ جائے گی اور آخر میں ارواح خبیثہ میں شامل ہو جائے گی غرض برہمن کی اس رطب اللسانی کا جادو بیوہ پر ایسا ہوتا کہ وہ آگ میں جلنے سے انکار نہ کرتی اور ستی ہو جاتی۔

بیوہ سج دھج کر ایک گھوڑے پر سوار ہوتی ایک ہاتھ میں کھوپرا ہوتا اور دوسرے ہاتھ میں آئینہ اور یہ جلوس آتش کدہ کی طرف بڑی دھوم دھام سے روانہ ہوتا۔ آتش کدہ ایک درختوں کے جھنڈ میں ہوتا۔ جھنڈ کی اوٹ میں ایک تالاب ہوتا جہاں ایک دیوتا کی مورتی نصب ہوتی (غالباً یہ شیو کی مورتی ہوگی) اور دوسری طرف اس آگ کو بھڑکانے والے آگ پر تل کا تیل انڈیلتے رہتے۔ ستی ہونے والی عورت تالاب میں غسل کرتی پھر اپنے سارے کپڑے اور گہنے آگ میں ڈال دیتی۔ پھر کسی سے ایک بغیر سلا کپڑا لیکر بدن پر لپیٹ لیتی اور اگنی دیوتا کی بڑی دیر تک پوجا کرنے کے بعد بڑی ثابت قدمی کے ساتھ بھڑکتی ہوئی آگ میں داخل ہو جاتی۔ آگ میں داخل ہوتے ہی درختوں کے جھنڈ سے زوردار موسیقی کی آوازیں بلند ہوتیں ظاہر ہے کہ لوگوں کی توجہ ستی ہونے والی عورت کی طرف سے ہٹ جائے اور آگ جلانے والے لوگ عورت کے آگ میں داخل ہوتے ہی وزنی لکڑیاں اس پر ڈال دیتے تاکہ پھر وہ عورت آگ سے باہر آنے کی کوشش نہ کرے۔ ابن بطوطہ اس منظر کی تاب نہ لا سکا اور غش کھا کر گر پڑا لوگ اسے وہاں سے اٹھا کر دور لے آئے۔

زمانے کے رواج کے مطابق اگر بیوہ ستی ہو جاتی تو اس کی عزت کی جاتی اور اگر اس نے جلنے سے انکار کیا تو سماج اسے بری نگاہوں سے دیکھتا اور اتنا تنگ کرتا کہ سوائے آگ میں جلنے کے اسے اور کوئی چارہ نہ ہوتا۔ اگر اس نے ستی ہونے سے انکار کر دیا تو گھر کا سارا مال و اسباب، اس کے بچوں کو چھوڑ کر اس کا سارا جہیز

خاوند کے رشتہ داروں میں تقسیم کر دیا جاتا یہ وہ معاشی دباؤ تھا جس سے تنگ آکر بیوہ ستی ہونے پر آمادہ ہو جاتی۔ اگر وہ ستی نہ ہوتی اس کی عصمت پر شک کیا جاتا طعن و تشنیع کی تاب نہ لا کر وہ ستی ہونے پر آمادہ ہو جاتی۔ ستی کی کئی قسمیں ہیں۔

۱) وہ جنہیں ان کے رشتہ دار چتا میں جانے کے لئے مجبور کرتے

۲) وہ جو اپنے مرحوم شوہر کے ساتھ انتہائی محبت کی وجہ سے برضا و رغبت بخوشی اس ابتلا کو تسلیم کر لیتی تھیں

۳) وہ قسم کی عورتیں جو رائے عامہ کے پیش نظر خود کو شعلوں کے حوالے کر دیتی تھیں

۴) وہ خواتین تھیں جو خاندانی رسوم اور روایات کے پیش نظر خود کو شعلوں کے حوالے کر دیتیں اور

۵) قسم ان عورتوں کی تھی جنہیں ان کی مرضی کے خلاف آگ میں ڈال دیا جاتا

ستی راجپوتوں کے ہاں رائج تھی۔ یہ جنگجو قوم جب جنگ پر جاتی اور آخر میں جب اسے یہ یقین ہو جاتا کہ اب شکست یقینی ہے تو وہ ایک آدمی کو اپنے محلات کی طرف روانہ کرتا جہاں وہ ساری عورتوں اور بچوں کو ایک محل میں بند کر دیتا اور محل کے اطراف سوکھی گھاس اور تیل جمع کرتا۔ جب راجپوتوں کو شکست ہوتی اور دشمن فتح یاب ہو جاتا تو وہ سوکھی گھاس پر تیل ڈال دیتا اور اس میں آگ لگا دیتا جس سے ساری عورتیں اور بچے محل کے اندر ہی جل کر ختم ہو جاتے۔ پھر مفتوح قوم دشمن کے سامنے سینہ سپر ہو جاتی یہاں تک کہ وہ سارے کے سارے جنگ میں ختم ہو جاتے۔ یا کسی ایک سپاہی کے ہاتھ میں شمشیر برہنہ تھما کر ساری مفتوح فوج کے سپاہی اس تلوار کے نیچے سے گذر جاتے جن کو سپاہی ایک ایک کر کے ختم کر دیتا اور آخر میں خود بھی ختم ہو جاتا اس طرح دشمن کے ہاتھوں جنگ کی شکست کی رسوائی سے بچ جاتے۔ مجموعی طور پر اپنے آپ کو ختم کر لینے کو جوہر کہا جاتا ہے۔

نظیر دکن کا شاعر ہے اور دکن کی تہذیب شمالی ہند کی تہذیب سے کافی الگ ہے۔ ستی کی بہیمانہ رسم شمال میں جاری تھی اور اس کے انسداد کے لئے مغلیہ سلاطین میں ہمایوں اور اکبر نے قدم اٹھائے تھے پھر آگے چل کر جدید دور میں مصلحین قوم نے اس کے انسداد کے لیے آواز اٹھائی تحریک چلائی اور قانون بنایا گیا جس کے بعد یہ رسم رک گئی اور بیوہ کو زندہ رہنے کا حق دیا گیا ہندوستانی مصلحین قوم میں راجا رام موہن رائے اور دیانند سرسوتی وغیرہ اہم ہیں جنہوں نے اس رسم کے انسداد کے لئے کافی اہم اقدامات کئے۔ ہندو مذہب میں چند اعلی طبقے کے لوگوں میں جیسے برہمن کھشتریا اور ویشیا میں مردے کو جلانے کی رسم آج بھی جاری ہے اور ادنی طبقہ کے لوگ اپنے مردوں کو دفن کر دیتے ہیں۔ عام طور پر ستی کی رسم خاوند کے مرنے کے بعد ادا کی جاتی ہے۔ لیکن نظیر نے عروس کے ستی ہونے کی جو بات کہی ہے اس میں کچھ مبالغہ ہی نظر آتا ہے۔ کیونکہ جب تک برہمن قوم میں دولہا دلہن اگنی منڈپ میں اگنی کے پھیرے نہیں لے لیتے اس وقت تک ان کا میاں بیوی بننا مذہبی طور پر ناممکن ہے اور یہاں شاعر نے دولہا کی موت اس وقت متعین کی ہے جبکہ ابھی وہ راستے میں تھا اور اس کے مرنے کی اطلاع ملتے ہی عروس کا جذباتی انداز میں ستی ہو جانا ایک شاعرانہ مبالغہ کے سوا کچھ نہیں ہے حالانکہ اس کی تمہید اس نے پہلے ہی باندھ دی تھی کہ وہ بچپن سے ہی ایک دوسرے کے چہیتے تھے جوان ہوئے تو جذبۂ عشق نے اور شدت اختیار کر لی اور اپنے آپ کو جب ازدواجی بندھن میں بندھے جاتے وقت میں ایک دوسرے کا جدا ہونا نہایت فطری بات ہے اور دلہن کا اس سے منسوب ہو جانے کے بعد پھر اس کی موت کے بعد زندہ رہنا وبال جان ہی معلوم ہوتا ہے تو وہ ستی ہونے پر آمادہ ہو جاتی ہے ان سب باتوں میں حقیقت پسندی کے عناصر تو موجود ہیں لیکن مبالغہ آمیز۔ شاید مثنوی کی ہیروئن کے کردار کو اجاگر کرنے کے لئے مبالغہ کو اپنایا ہو یا عشق کی جنونیت کو ظاہر کرنے کے لئے بھی یہ طرز اپنایا ہو۔ بہرحال عشق کے موضوع کو پیش کرنا شاعر کا اہم مقصد ہے اور اس کے لئے ستی جیسے رائج الوقت رسم کا سہارا لیا گیا ہے۔

مثنوی کے اشعار ثابت کرتے ہیں کہ ۱۹ ویں صدی کا ایک اردو شاعر (دکنی) قدیم شعراء کی طرح زیادہ واقعیت پسند اور صداقت مند فنکارانہ شعور کا حامل تھا وہ اپنے مقامی روایات سے شاعری کا مواد اور آب و رنگ حاصل کرتا رہا۔ جس کا ثبوت اس کی مثنوی سوز و گداز عشق ہے جو اسی رجحان کی آئینہ دار ہے۔

کردار نگاری :-

مثنوی سوز و گداز عشق میں صرف عروس کا کردار اہم ہے۔ دولہا کا کردار ثانوی کردار ہے اور باقی سارے کردار جیسے بادشاہ، شہزادہ، برہمن وغیرہ ذیلی کردار ہیں۔ مرکزی کردار کو ابھارنے کے لئے ان ذیلی کرداروں کی تخلیق ضروری تھی اسی لئے یہ کردار تخلیق کئے گئے ہیں۔

عروس :-

عروس کا کردار ایک روایتی ہندوستانی عورت کا کردار ہے جو پاکدامن وفا شعار، سیدھی سادی، ایثار و قربانی کا مجسم پیکر ہے۔ شاعر نے ایسی ہی ہندوستانی صفت کے کردار کی تخلیق کی ہے اور اس کردار کے دو رخ پیش کئے ہیں جب وہ خوشیوں سے اپنا دامن بھر لیتی ہے تو مثل حور و پری نظر آتی ہے۔ لیکن جب غم و اندوہ کا پہاڑ اس پر ٹوٹ پڑتا ہے تو غم سے پاگل ہو کر مجنون بن جاتی ہے یہ ایک انسانی نفسیاتی حقیقت ہے کہ جب انسان پر اچانک غم کا پہاڑ ٹوٹ پڑتا ہے اور اپنی انتہا کو پہنچ جاتا ہے تو وہ اپنی جان کی پرواہ نہیں کرپاتا اور عروس بھی جیتے جی عاشق کے شعلوں کے ساتھ شعلہ بن جاتی ہے۔ ذیل میں عروس کے کردار کے دونوں رخ پیش کئے جاتے ہیں۔

دولہا والوں کی طرف سے جب یہ پیغام آیا کہ شادی کی تیاری کریں تو اس نوید مسرت کو سن کر دلہن ایک شگفتہ پھول بن جاتی ہے۔ نظم

گل گلزار گلشن خوبی　　حسن کا شمع اپنا روشن کی
صفحۂ نو رسی جبین حسن کی　　بلکہ تشبیہہ نہیں حسن کی

فتنہ انگیز رس بھری آنکھیں   جادو آمیز نرگسی آنکھیں

نوکِ مژگاں وہ تیر کے بھالاں   دل و دیدوں کی ہوں جگر خواراں

سو گئے دنبالہ دار فتنہ ترے   سب بزری عاشقاں کے دن بھرتے

ابرو وہ دیکھتے ہی حسن کی ڈھے   سر تو جھک کر سلام حسن کو کرے

اونچی اور سیدھی خوش نما بینی   نوکدار اور دلکشا بینی

لعل لب نازک اور غنچہ دہن   تازہ خوش رنگ صاف سیب ذقن

نہ زنخداں ہے اک چاہِ نبات   دیکھ لہرا وسے حسن کی آب دیان

در دنداں کی آب و تابی سے   در غلطاں جیسے صدف میں رہے

کیا وے حسن وقت ان نے بیڑہ پان   ہو وے مرجان گوہر دنداں

گل سے تشبیہ لیں اگر رخسار   سرخ ہو جاوے گر ہوا تنا بار

زلف مشکیں کا دیکھ کر ڈھنگ رنگ   مست بے خود ہو پیچ کھاوے بھجنگ

کیا کہوں میں بہار چوٹی کا   ڈس گیا دل یہ مار چوٹی کا

ہو نمودار یوں مباف زری   جیا بدری سے چمکی ہے بجری

صبح امید سینۂ ریشاں   یہ تری بلور صاف نور کے رواں

سرتوں سے بھرا ہوا سینہ   حسن کے کام کا تھا گنجینہ

پیٹ نازک ملائم و زیبا   مخملی جیسا روئی کا گالا

دوں میں اس کی کمر کو کیونکہ مثال   حسن کا دسنا ہو خود خیال محال

نازکی سے بھری بھری رانیں   گدگلی گدگلی سبھی رانیں

ساق سیمیں تھے خوش نما ایسے   جیسے سانچے بلور کے ڈھالے

پیارے ہاتاں حنائی انگشتاں   آتش اللہ از سینہ ریشاں

کف پا جیسے رنگ دار دسے   پشت پا ہے سے خوش بہار دسے

چہرہ خوش رنگ چاند تھا بارا   رو برو حسن کے ماہ صد پارا

نازک اندام اور گلابی رنگ   تسبیہ جوبن کا اور بھی تھا رنگ

بانکپن اور سجیلی اٹھکیلی   رس بھری اور رسیلی رنگیلی

رانس کی مت پوچھیا خوش بختی   دیکھے اس کی کہیں وہ عجیب تختی

غمزہ پرداز با ادا بانکی   وضع پاکیزہ خوش نما بینی

حور فردوس حسن کی شائق ہو   سچ پری سے وہ کیوں نہ فائق ہو

دل خوشی سے جو تھا بھرا اس کا   کشتِ امید تھا ہرا اس کا

پھرنے لاگی ادھر ادھر مسرور   پاس دل تھا جدھر تدھر منظور

شوخیوں کے عناں کی جنبانی   وعدۂ وصل کی تھی جولانی

رنگ بھبوکا تھا جوں کہ شعلۂ طور   مہ جبیں و حسین مثل حور

حسن کا ہو عارض نگار بہار   اپنی آرائش اس کا کچھ درکار

اسی مہکتے ہوئے پھول پر جب خزاں کا ایک جھونکا آتا ہے گلشن بہار کس طرح لٹتی جاتی ہے دیکھئے ؎

یعنی ناکام و نامراد عروس   حسرت آلودہ سوگوار عروس

اٹھ کے عشرت سرا سے مستانہ   باولی ہو بہ رنگ پروانہ

جان و دل کو جگر کو آتش دی   یعنی سب گھر کے گھر کو آتش دی

جبکہ جان و جگر کو آگ لگے   کیوں نہ شادی کے گھر کو آگ لگے

بس اٹھا پردہ عروسی کو   آگ دی حجلۂ عروسی کو

خاک اٹھا سر پہ ڈالنے لاگی   آتشیں آہ نکالنے لاگی

بس کر چہرہ کھروچنے لاگی   سر کے بالوں کو نوچنے لاگی

اپنے ناخن و گل رخسار   خار خار اس کو کر دئے ایکبار

تھی جو آرائش اور پیرائش   برسنے لاگی اس پہ اک آتش

زلف کو درہم و پریشاں کی   نرگس چشم کو ہے حیراں کی

گل بدن پر تھا حسن کے پیراہن   چاک تھا بسکہ تا سر دامن

سر و پا گر برہنہ مفتون   لیلیٰ جو تھی سو ہو گئی مجنون

جھٹ گھڑی اس نے بہانہ ہوئے   سوئے آتشکدہ روانہ ہوئے

اپنے جاناں کے ساتھ ملنے کو   ذوق سے لاگے جب نکلنے کو

نخل شمع سا پھولنے لاگی   سوئے آتش جو ہولنے لاگی

سرخ لب پان سے سرمہ آنکھوں میں   تھا جو مستی کا نشہ آنکھوں میں

نظر مست اس کی پر آتش   دیکھی حسن کو کرے حذر آتش

گل کے مانند وہ جو تھا کف پا   خون شعلہ سے تھا حنا باندھا

ہوگئے آتش محیط عقد افسوس ۔۔۔ تن ہوا اس کا آتشیں فانوس
سر شوریدہ لگے زانو پر ۔۔۔ دل پہ لب منہ پہ منہ اس نے رکھ کر
منزل آہن رہا کے کھینچ لئے ۔۔۔ تنگ تر اس کو بر میں آ کھینچ لئے
وصل جاناں سے اٹھا کے ہول گئی ۔۔۔ بائے جاناں سو جان کھول گئی
دو دل و تن ایسے امتزاج ہوئے ۔۔۔ یعنی ہم جسم و ہم مزاج ہوئے
کھینچے آتش نے اس ابل میں تنگ ۔۔۔ ایک لحظہ میں ہوگئے ہم رنگ
صاف تن میں کا ہوگیا شعلہ ۔۔۔ جا کے شعلے سے مل اٹھی اشعلہ

دولہا:-

دولہا کا کردار ایک مختلف کردار ہے جو ایک ناکام و نامراد عاشق ہے اور سوائے آہ و بکا کرنے کے کچھ نہیں کرتا۔ باپ اس کی حالت پر رحم کر کے اس کی شادی کرنے کا فیصلہ کرتا ہے۔ شادی کی تیاری کے بعد وہ بیاہنے کے لیے عماری میں سوار ہو کر جب ایک تنگ و تاریک گلی سے گزرتا ہے تو اس کے سر پر برا ناحل ٹوٹ جاتا ہے اور وہ ختم ہو جاتا ہے۔

واقعہ نگاری:-

نظیر نے مثنوی میں واقعات کے تسلسل کو برقرار رکھا ہے اور یکے بعد دیگرے واقعات کو سلسلہ وار بیان کرتا چلا جاتا ہے واقعات کو ایک ہی لڑی میں پرو دیا گیا ہے اگر کہیں بھی کسی چھوٹے سے واقعہ کو چھوڑ دیا جائے تو ایک خلا سا محسوس ہونے لگتا ہے اور داستان ادھوری معلوم ہوتی ہے جس کی وجہ سے اس میں کوئی دلکشی باقی نہیں رہتی۔

واقعہ ابتدا سے انتہا تک بہت دلچسپ ہے۔ درمیان میں کرداروں کی خاکہ نگاری یا قلمی چہرے، ان کے سراپا وغیرہ، یہ وہ اہم حصے ہیں جو واقعات کو دلچسپ بنائے چلے جاتے ہیں۔ مثنوی کے مطالعے سے یہ بات ثابت ہو جاتی ہے کہ شاعر کو واقعہ نگاری میں کمال حاصل ہے۔ عشق کے بیانات کو وہ کافی زور دے کر بیان کرتا ہے اور دیگر چیزوں پر بہت کم توجہ دیتا ہے۔ پوری مثنوی پڑھنے کے بعد قاری اپنے آپ کو بوجھل تو محسوس نہیں کرتا البتہ عشق کے کارہائے نمایاں کو جو ازل سے انسان کے ساتھ بے وفائی کرتا آ رہا ہے شدت کے ساتھ محسوس کیے بغیر نہیں رہ پاتا

مثنوی کے ابتدائی حصہ میں جہاں اس نے تمہید باندھی ہے اسی بات کی طرف اشارہ

کرتے ہوئے مشہور عاشقوں کا بھی تذکرہ کرتا ہے جیسے یوسف و زلیخا، ممنوہر و مدمالتی فرہاد و شیریں، قیس و لیلیٰ وغیرہ لیکن اپنی مثنوی میں کی داستان عشق بیان کرنے میں جو زور قلم دکھایا ہے وہ قابل تحسین ہے۔ نمونے کے طور ملاحظہ کیجیے۔

داستان کی ابتدا دیکھئے۔

راوی داروں سے ایک حکایت ہے　　عشق تازہ بر جراحت ہے
کہ یہ استاد کے زمانے میں　　کام جو حیلہ و بہانے میں
طرفہ تر اس سے واقعہ ڈالا　　واقعہ تازہ حادثہ ڈالا
کہ ایسے دو جوان رعنا تھے　　لائق سرو سہی سے زیبا تھے
تھے لڑکپن سے شیفتہ عشق　　نازپروردۂ نظارۂ عشق
آگے سے بچھے یہ لوح ہستی سے　　تھے قلم زن لب عشق و مستی سے
. . . .
. . . .
الغرض وہ نہال محبوبی　　سرو گلزار حسن و خوبی
بیدمی آتی ہی غنیمت تھی　　ہم سے پوچھو تو ایک دولت تھی
سو بھی آگے رہے نہیں جبلے　　سو بھی صحبت پسند نہیں آئے
کان میں بھی کہا جاتے ہے ان کے　　کہ جو ایک گھر ہو جینے
دیکھوں کی گھاٹ پر لیتا ہوں　　دیکھاں کی گھاٹ سے ملتا ہوں
عشق کی کیفیت جب گہرائی　　تب انہوں نے یہ مشورت ٹھہرائی

ہجر کی کیفیت دیکھئے!

دیدہ و دید سے ہو کے محروم　　ہوئے صابر بر قسمت و مقسوم
اس طرف اس کا دل دھڑکنے کو　　اس طرف وہ لگا تڑپنے کو
آس ظاہر میں لیک دل میں ہراس　　جینے گئے رہنے لگے یہ بھی اداس
قصہ کوتاہ بعد چندے درد　　سوز دل سے جوان کو پہنچی گزند

بیٹے کی حالت کو دیکھ کر باپ کی یہ حالت ہوئی

گوش زد باپ کے ہوا جب حال　　وہ وہیں رو رہے ہو گیا وہ نہال
دل دھڑک اور کلیجا پھٹ گیا　　رشتہ جاں اس کا ٹوٹ گیا

شادی کی تیاری کا بیان دیکھئے!

غنچہ زن اس طرح ہی جس دم — مادر مہربان ہو خرم
کارسازی پہ رتبہ کمر باندھی — حسن ترتیب پر نظر باندھی
یعنی آمادہ وہ بیگم زماں — کی مہیا متاع خرد و کلاں
ایسی ترتیب دی عروسی کی — آسماں جس کی خاک بوسی کی
ٹھاٹ سے اس طرح ہوئے تزئین — بن گیا بام و در چو خانۂ چین
جشن زینت لہر سہ شگفتہ — ہوئی یعنی تیاری شاہانہ
دیکھی رشتہ کی نیک ساعت ایک — اہل تقویم سے اشارت نیک
دو طرف جب ہوئی ہے دل شادی — بس بڑے ٹھاٹ سے ہوئے شادی
خوش نوا مطرب اہل محفل تھے — ہر طرف شیشوں سے ان کے غافل تھے
یعنی غافل تھے چرخ بازی سے — شعبدہ باز حیلہ سازی سے
محفل عیش جمع ہو دلشاد — منتظر تھے بہ مقدم داماد

مثنوی میں واقعہ نگاری کی ایسی بہت سی مثالیں ملتی ہیں لیکن اختصار کے مد نظر تفصیل سے گریز کیا جاتا ہے۔

مکالمہ نگاری:-

مثنوی میں مکالمہ نگاری کافی اہم ہے جب کردار کی زبان سے یہ مکالمے ادا ہوتے ہیں شاعر کو کردار کے حسب مراتب ایسے مکالمے لکھنے ہوتے ہیں جس سے کردار کی نمائندگی ہو۔ مثنوی سوز و گداز عشق میں مکالمے بہت کم ہیں لیکن جو بھی مکالمے لکھے گئے ہیں وہ اپنے کرداروں کی بھرپور نمائندگی کرتے ہیں اور یہ مکالمے مقتضائے حال کے موافق بھی ہیں اور جذبات نگاری کی بھی بہترین مثالیں ہیں۔ چند نمونے ملاحظہ ہوں

دونوں جواں عاشقوں کا آپس میں مشورہ دیکھئے۔

یعنی تا چند صبر آزمائی — طاقت اب طاق ہے شکیبائی
دیدۂ حسرت سے کب تلک کیجے — زخم حسرت کو کب تلک سیجے
نہ کبھی بے دھڑک نکلتے ہیں — نہ کبھی بے خطر ہو کے ملتے ہیں

ہے جوانی سو اک فصل بہار — موسم عیش وقت بوس و کنار

وصل میں ہجر کیا قیامت ہے — بس قیامت ہے اک آفت ہے

یعنی در عین وصل مہجوری — باوجود وصال ہے دوری

عشق کا مارا بیٹا باپ کی دلجوئی پر اپنی کیفیت یوں بیان کرتا ہے

جلد کچھ اپنی چارہ جوئی کر — تا سر ہو جائے کچھ تیرا پدر

کہ مرے پیر ہے تلخ خواب و خفت — طاق اب طاق ہی بغیر از جفت

یعنی وہ لاجفت جس کا آشفتہ — طفلگی سے ہے جگر تفتہ

یار ہے دیر ہوئے ملنے میں — نہیں کچھ شک ہے دم نکلنے میں

آج کل جان جان جاوے گا — جان یونہی ندان جاوے گا

کیجئے فکر جو کہ کرنا ہو — بگڑی تجویز گر سلجھنا ہو۔

اگر تو نے ہماری شادی کی کوئی تجویز نہ کی تو؟

ورنہ مشرب سے ہوں گا بیگانہ — چھوڑ دوں گا تمہارا بت خانہ

یعنی مذہب سے ہاتھ دھو لوں گا — لات سے لات کو گرا دوں گا

. . . .

یعنی مجھ کو نہیں ہے ننگ سے کام — میں قبول لوں گا ملت اسلام

بیٹے کی ان باتوں کو سن کر باپ نے اس کا کہا مان لیا اور قاصد سے کہا کہ عروس حالوں

کو یہ خوشخبری سنا دے

کہا قاصد کو جا ابھی جلدی — کہ سنا دیجئے یہ خوشخبری

طرف ثانی کو یوں بتا دینا — کہیں اچھی سی کوئی سنا دینا

کہ رکھی اس کا خانہ حسن آباد — یہ تو پہنچا تمہارے گھر داماد

یعنی جشن و سرور کا ساماں — ہو وے تیار سور کا ساماں

جب عروس نے اپنے دولہا کے حادثہ کے شکار ہونے کی خبر سنی تو اس نے دیوانہ وار حیلۂ عروسی کو چھوڑ کر اپنے یار کے آتش کدہ کی طرف روانہ ہوئی۔ فلاسفر حکیم برہمن وغیرہ نے اس کو اپنے ارادہ سے باز رکھنے کی کوشش کی تو اس نے جواب دیا۔ عروس کی

زبانی یہ پہلا مکالمہ ہے جس میں اس نے اپنے عشق کا اظہار کرتے ہوئے مرنے کی بات کرتی ہے۔

گرم جوشی سے سن کے باتوں کو — مارنے لگی سر پہ ہاتھوں کو
کہا کہ گر پدر منع کرے دگربار — سجدہ اس بت کو نا کروں زنہار
مادر مہربان منا دے گی — یعنی اس رہ سے کب پھرا دے گی
جان کا اختیار کس میں ہے — کہ میرا جان میرے تن میں ہے
کیوں کہ جب تک رہوں گی میں زندہ — سر افگندہ و روئے شرمندہ
یعنی افسوس اس سے شرمندہ — جلے دلبر میرا میں رہوں زندہ
جان اپنا کروں اگر ایثار — اس میں نام آوری ہے اور وقار
تشنہ لب جان سے سیر ہو دلگیر — یعنی آتش کی زہر یا شمشیر
یعنی آتش میں نا جلوں گی میں — ہے یقیں ہر طرح مروں گی میں
دوست کے بعد کیا میرا جینا — سر ہے پتھر ہے یا میرا سینہ

عروسہ نے جب اپنے ارادہ کا اظہار کیا تو سماج کے ہر فرد نے اسے سمجھانے کی کوشش کی کہ وہ ستی ہونے سے باز آجائے لیکن اس نے انکار کیا اور اپنی ضد پر قائم رہی تو لوگوں نے بادشاہ کو حالات سے آگاہ کیا۔ تو بادشاہ نے بھی اسے ایک مشفق باپ کی حیثیت سے سمجھایا لیکن وہ اپنے ارادے سے باز نہ آئی تو لاچار ہو کر اس نے شہزادے کو طلب کیا اور کہا کہ میں نے اسے ہر طرح سے اپنے ارادہ سے باز رکھنے کی کوشش کی لیکن وہ تو اپنے ارادے میں مصمم ہے۔ ایک بادشاہ کی حیثیت سے اس کی زبان سے ادا ہونے والے کلمات اس کی حسب حال نمائندگی کرتے ہیں:

شاہزادہ کو شاہ بلوایا — کان میں اس کے ایسا فرمایا
کہاں سزاوار افسر و علم تخت — کہ اے چشم و چراغ دولت و بخت
کہاں آتش تک اس کو پہنچانا — ہر طرح اس کو خوب سمجھانا
دل نوازی میں مت کمی کیجو — منتیں کیجو مت کمی کیجو
گر قبولے کچھ اس کا دل نرمی — یا کہ شعلہ کی طرح ہے گرمی

ہر دو حالت میں اس کا یاد رہو | صبر ہر دم میں نہ اس کے قاصد ہو
یعنی سمجھے تو خوب سمجھا دو | یعنی جلنے پہ ہو تو جلوا دو
فرض ہی صدقہ دل و دیدہ ہونا | اس کو زندوں کی طرح جلوانا

بادشاہ کے حکم کے مطابق شاہزادے نے اس کو ستی ہونے سے روکنے کے لئے اپنے سارے آزمودہ طریقے اپنائے لیکن عمروس نے شہزادے کو یوں جواب دیا

شاہزادے نے یہ کلام کیا | عیش کا روز تم ہی نے شام کیا
صبر کب تک کرے وہ یار میرا | دیکھے کب تک ہو انتظار میرا
کب تلک ہم رہے خاکساری میں | درد آتش ہو انتظاری میں
دل ہے سرمست عشق وا شوقاہ | ہر جا سو ہے میرا آتش گاہ
میں ہوں روشن نہاد مستانہ | ہے پر و بال میرا پروانہ
میں قبولی اگرچہ گل جانا | آفرینش اس کا ایسے ہے جل جانا

شاہزادے نے جب یہ باتیں سنیں تو مجبوراً اسے ستی ہونے کی اجازت دیدی تو عمروس نے خوش ہو کر شاہزادے کو لمبی چوڑی دعائیں دیں جو اظہار تشکر کا بہترین نمونہ ہیں۔ برہمن زادی (عمروس) کا یہ مکالمہ دیکھئے۔

کہی اے وارث نگین و کلاہ | مہر انور و ذرہ پرور شاہ
کوکب اقبال بخش کے تیرے | ہو بلند ستم رخش کے تیرے
جان و دل ہے کرم کا پروردہ | میں ہوں ادنیٰ تری تیری بردہ
شاہ بندے میں ایسے احساں کے | کیا ہو سکتا ہے اس پریشاں سے
روز افزوں یہ جاہ و حشمت ہو | اس سے دونی یہ راج دولت ہو

جب وہ وداع ہو کر آگ میں اپنے معشوق کے ساتھ لیٹ گئی اور آگ کے شعلے لمحہ بہ لمحہ اس پر اپنا آغوش تنگ کرتے جا رہے ہیں تو شہزادہ اس منظر کو دیکھ کر مضطرب ہو گیا اور اس نے برہمن زادی سے بصد عجز و انکساری کہا

اور کہا اے شہید عاشق دل | عشق کی پائی خوب سی منزل
یہاں تلک اپنے کام کو پہنچے | اس سجن کے نام کو پہنچے
تیرے غم سے ہوا ہے شہر خراب | اب بھی آتش سے نکلے تو ہے ثواب

بہت تھا اس سے دکھ نہ دے ہم کو / کچھ بھی آرام و سکھ تو دے مجھ کو
ہو کے سرگشتہ سے ڈھونڈھ اب جا گذر / باہر آتش سے آ خلیل دگر

شہزادے کی یہ مدعا و سن کر عروس نے آخر کار یہ جواب دیا اور ہمیشہ ہمیشہ کے لیے خاموش ہو گئی

یوں سو زو گداز سب کر لی / بعد عجز و نیاز سب کہہ لی
کہہ دے کامل عیار دانش کے / یعنی اے نکتہ سنج بینش کے
نہ یہ تحریر میں وہ آفریں کیجے / دل کو میرے نہ ہم غمگین کیجے
یعنی مت کیجیے سنا شایا / رنج مت دیجیے سنا شایا
لب مرے پر یہ ہوا ہے وصال / ہے یہ گویا وصال خواب و خیال
ہے دم وا پسیں وصال دوست / ایک دم ایک فراغ بال دوست
سالہا اشتیاق میں گذرے / یعنی مدت فراق میں گذرے
اب دکھا یا تو ہے وہ صبر گنج / یعنی پائی ہوں اب آ کے یہ رنج
یہ بندہ رہا تو اب لوں گی میں / عشق کو کیا جواب دوں گی میں

اختصار پسندی:-

اس مثنوی کی اہم خصوصیت اختصار پسندی ہے۔ قدیم مثنویوں کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ کسی چیز کے بیان کے لئے ایک لمبی چوڑی تفصیل فراہم کی جاتی ہے لیکن شاعر نے اسی بے جا تفصیل سے گریز کیا ہے۔ مثلاً دولہا کے گھر شادی کی تیاری کا تذکرہ تین اشعار میں یوں کرتا ہے

الغرض شاہ زادہ دلداری / کیا شادی کی خوب تیاری
یعنی جو کچھ تھا ان کا درکار / سب سلیقے سے کر دیا تیار
تب بلا قوم کے بڑوں کو سنا / ساز و اسباب سب دکھلا کے کہا
زائچے سے بجا رسب کر کے / صرف تدبیر بر نظر دھر کے

دلہن کے گھر شادی کی تیاری کو صرف دو اشعار میں بیان کیا ہے

ایسی ترتیب دی عروسی کی / آسماں حسب کی شان بوسی کی

ٹھاٹ سے اس طرح جو دئیے ترتیب　　بن گیا بام و در جو خانۂ چین

ڈ شاہ کی کتخدائی کے تیار ہونے کی وہ صرف دو اشعار میں یوں بیان کرتا ہے

جب ہوئی ماہ جبیں کی شادی　　وہیں طرحوں سے ہوئی شادی
بس بڑے ٹھاٹ کے رسوم ہوئے　　ریت اور رسم کے لزوم ہوئے

لباس اور زیورات کا بھی وہ ذکر کرتا ہے مثلاً عروس کے زیورات کا بیان ع

تن پر آرائش اور زیور سے　　جڑے جو اہر سے قسم گوہر سے
بس تکلف سے اس طرح جو گئی　　ایسی دلہن کبھی بنی نہ بنی

دولہا کے لباس کا بیان

لدے دلہن لباس و پیرایہ　　پئے آرائش قمر پایہ
سج سجا پیرہ زری سبز ہوا　　بر میں خلعت زری پڑا
با سلیقہ ہر ایک موقع پر　　جڑ دئیے تھے مرصع اور گوہر

تہذیبی پس منظر

پیش نظر مثنوی ایک ہندو سماج کی تہذیب و تمدن کو پیش کرتی ہے دوسرے پہلوؤں پر کوئی خاص توجہ نہیں دی گئی ہے۔ ہندو سماج میں رسم و رواج اور مذہبی عقائد وغیرہ پر حد درجہ روشنی ڈالی گئی ہے۔ ہندو مذہب میں بتوں کی پوجا پاٹ زمانۂ دراز سے جاری ہے۔ آج بھی ان کی عبادت گاہوں میں پوجا پاٹ کا اہتمام کیا جاتا ہے جسے ہم اپنی روزمرہ زندگی میں دیکھتے رہتے ہیں۔ ناظر نے دولہا کے مکالمہ میں مذہبی طور طریقہ کو پیش کیا ہے۔ ع

ورنہ مشہور ہوں گا بے گانہ　　چھوڑ دوں گا تمام بت خانہ
یعنی مذہب سے ہاتھ دھو دوں گا　　لات سے لات کو گرا دوں گا
یہ جو ناقوس ہے قدیم صنم　　ہو جرس وار نالے کے باہم
ابھی زنار تار تار کروں　　شمع کے تار سا ہی تار کروں
صندل بت نکالوں از رخسار　　دل کو دھو ڈالوں گنگ سے یکبار
دور کر دل سے اب خیال صنم　　باندھتا اس پہ ہوں گا نقش قدم

ہر نیک کام کے لئے زائچہ دیکھنا یا علم نجوم کا سہارا لینا بھی عام تھا اور اس

زائچے سے تیار کر کے — صرف تقدیر پر نظر کر کے

دولہا اور دلہن کا رشتہ قائم کرنے کے لئے ایک درمیانی آدمی ہوتا یعنی قاصد جو طرفین میں رشتہ قائم کرتا۔

کہا قاصد کو یا الٰہی جلدی — کہ سنا دیجے یہ نوید خبری
طرف ثانی کو یہ جتا دینا — لگی ایسی ہی کوئی سنا دینا

جب کوئی مہمان آتا تو اس کی مہمانی کے بعد اس کو پان پھول پیش کر کے اسے بڑی عزت کے ساتھ رخصت کیا جاتا

دیکھی قاصد کو جان رخصت کی — یعنی دے پھول پان رخصت کی

شادی بیاہ کے موقع پر دولہا کو نئے کپڑے پہنائے جاتے، سر پر سہرا باندھا جاتا اس کو مسند پر بٹھایا جاتا اور شامیانہ تانا جاتا۔ سواری کے لئے ہودج اور عماری استعمال کی جاتی۔ سارا گھر چراغاں کیا جاتا۔ خوبصورت رقاصاؤں کا ناچ ہوتا بارات میں ساز اور نوبت وغیرہ بجائے جاتے

پھول سہرے سے یوں ہوا جو گویا خورشید ابر میں ہے چھپا
لو بٹھائے دہ مسند زریں — سب پہ تھا شامیانہ رنگین
ہوئی تیاری پھر سواری کی — ٹھاٹ سے ہودج و عماری کی
روشنی شمع اور چراغاں کی — بام و در کو گویا گلستاں کی
زہرہ و مشتری سے رقاصاں — بس تھرکتے تھے اور رقص کناں
نوبت و ساز دھوم دھام سے تھا — عشرت و عیش خاص و عام سے تھا
یعنی سازوں کا دھوم دھام ہوا — ہر طرف لوگ کا ہجوم ہوا

بادشاہ کی ہستی سماج میں سب سے اعلیٰ تھی اور آخری فیصلے کے لئے اسی سے رجوع کیا جاتا۔ کسی مسئلہ کو حل کرنے کے لئے خردمند دانا و حکیم جمع ہوتے جب عقل و ہوش سے کام نہ نکلتا تو جادو منتر کا بھی سہارا لیا جاتا

شعلۂ شوق جو تھا کم جو نمایاں | لگے بڑھنے خون ناشایاں
کچھ جنوں میں بموجب اثر نہ کیا | مطلقاً اس کا کچھ حذر نہ کیا
بسکہ اعضوں سے گرم خون ہوا | غیرت عشق سے جنوں نہ ہوا

سماج میں برہمن مذہبی اعتبار سے برتر مانے جاتے تھے عوام میں ان لوگوں کی کافی عزت ہوا کرتی

برہمن ملتان تو تھے سرشار | بیٹھے ارشاد ہو کے مرشد وار

مرنے کے بعد برہمن طبقہ میں مردے کو جلا دیا جاتا اور اس کے ساتھ اس کی بیوی کو بھی یہ رسم ستی کہلاتی تھی ۔

نے کا استعمال :-

نظیر نے مثنوی میں لفظ 'نے' استعمال کیا ہے عام طور پر لفظ نے قواعد کے اعتبار سے حرف ربط کے لئے استعمال کیا جاتا ہے لیکن شاعر نے اس لفظ کو حرف ربط کے ساتھ ساتھ ایک مختلف معنوں میں بھی استعمال کیا ہے جیسے مثالیں ملاحظہ ہوں ۔ متعدد لفظ نے کو دو لوگوں کے لئے استعمال کیا ہے جیسے ایک نے دیکھتے ایک دوسرے کو دیکھتے ۔

ایک نے دیکھتے ہی رو ڈالے | ایک آنسو سے منہ کو دھو ڈالے
ایک نے کر نگاہ حسرت سے | دم بخود ہو گئے ایک حیرت سے
ایک نے کیا کرے سخن پر درد | ایک نے تھا نکالے آہ سرد

درج ذیل اشعار میں لفظ 'نے' 'وہ' کے لئے استعمال ہوا ہے اس نے یعنی وہ

جب گھڑی اس نے بے ایمان ہوئی | سوئے آتش کدہ روانہ ہوئی
سوز دل سے وہ ہو کے مستانہ | دکھتی ہمت ہے اس نے مردانہ
